V
SIGN
OF VICTORY

Rampur State Gazette.

اسٹیٹ گزٹ رامپور

بحکم بندگان اعلحضرت حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

نمبر ۳۳	مطبوعہ روز شنبہ بتاریخ ۲۰ شعبان المعظم ۱۳۶۰ھ مطابق ۱۳ ستمبر ۱۹۴۱ء	جلد ۵۴

حصہ اول

احکام اجلاس ہمایوں اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

۱	منظوری نفاذ "قواعد کام پیمائش و ترمیم کاغذات رقبہ نزولی ریاست رامپور ۱۹۴۱ء"	۲
۲	حکم نسبت اخراج اسم بسبب فوتی محمد معظم علی خاں صاحب سابق چیف جسٹس پنشنر	۲
۳	روبکار نسبت مراجعت اعلیٰ حضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم از مسوری بہ دارالسرور رامپور	۳
۴	روبکار اقتضائی نسبت پیش کرنے درخواست (بذات خود) بہ پیشگاہ ہمایوں اعلیٰ حضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم بسوری	۳

آرڈران کونسل رامپور اسٹیٹ

۱	منظوری تجویز نسبت برآمدگی ہڈی	۴

مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور

احکام اجلاس ہمایوں اعلیٰحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

حکم نمبر — (مسودی) واقع ۹؍اگست ۱۹۴۱ء

بموجب رپورٹ قواعد برائے کام پیمایش و ترتیب کاغذات رقبۂ نزول ریاست رامپور ۱۹۴۱ء کی منظوری دیجاتی ہے۔ کاغذات عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہوں۔

دستخط اعلیٰحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

اردو ۱۵۸؍۱۹۴۱

اعلیٰحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

بعز عرض — میرساند

جناب عالی

حسب منظوری اجلاس ہمایوں بحکم معنونہ ۲۲؍اپریل ۱۹۴۱ء کل رقبۂ نزول یکم مئی ۱۹۴۱ء سے ریکارڈ آپریشن کے تحت کردیا گیا ہے اور صاحب ڈپٹی ریوینیو منسٹر بہادر کو بحیثیت ریکارڈ افسر اور ناظم صاحب محکمۂ مال کو بحیثیت اسسٹنٹ ریکارڈ افسر از یکم مئی ۱۹۴۱ء تا ختم کار مقرر فرمایا گیا ہے۔ چنانچہ اس سلسلہ میں صیغہ متعلق نے قواعد برائے کام پیمایش و ترتیب کاغذات رقبۂ نزول ریاست رامپور ۱۹۴۱ء مرتب کرکے برائے منظوری ارسال کئے ہیں جن سے عالیمرتبت صاحب ریوینیو منسٹر بہادر کو اتفاق ہے۔ اسٹیٹ کونسل نے بھی جلسہ منعقدہ ۳۰؍اگست ۱۹۴۱ء میں قواعد مذکور کی منظوری سے اتفاق کیا ہے لہذا تجویز استدعا ہے کہ پیشگاہ ہمایوں سے حکم منظوری شرف نفاذ پائے۔ زیادہ حد ادب۔ دولت و اقبال جاودانی

از فدوی دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر مورخہ ۶؍اگست ۱۹۴۱ء (مرضی)

بخدمت صاحب سپرنٹنڈنٹ اسٹیٹ پریس مرسل ہوکر حکم منظوری قواعد و فارم کمیونٹ (اردو) مشمولہ کاغذات ہذا کی اشاعت گزٹ آئندہ میں فرماکر کاغذ واپس فرمائے جائیں۔ (دستخط صاحب چیف سکریٹری ۱۱؍اگست ۱۹۴۱ء)

نوٹ۔ قواعد مذکور گزٹ کے حصہ سوم میں شامل ہیں۔

حکم نمبر — (مسودی) واقع ۵؍ستمبر ۱۹۴۱ء

از روئے عرضداشت عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر باشد حاصل صدور حکم اخراج نام محمد معظم علیخان صاحب سابق چیف جسٹس پنشنر عدد ۳۰۵ تعدادی ایک سو پچھتر روپیہ ماہوار (پنشن مستقل) از ۱۱؍اگست ۱۹۴۱ء بوجہ وفات بتاریخ ۱۰؍اگست ۱۹۴۱ء بمقام ریاست ٹانڈہ۔

حکم

بموجب رپورٹ محمد معظم علیخانصاحب سابق چیف جسٹس پنشنر کا نام بوجہ فوتی ۱۱؍اگست ۱۹۴۱ء سے خارج کیا جاتا ہے۔ بہ سرشتہ متعلقہ احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط اعلیٰحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

رُوبکار:- (سوری) واقع ۹ ستمبر ۱۹۴۱ء

(نقل) اللہ تعالیٰ مابدولت اقبال یکم اکتوبر ۱۹۴۱ء کو ذریعہ اسپیشل ٹرین مراجعت فرمائے رامپور ہوں گے۔ ڈیرہ دون سے اسپیشل ٹرین بوقت ۱۱ بجے دن روانہ ہو کر شام کو چھ بجے رامپور پہونچیگی

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں ۔

دستخط اعلیٰحضرت بندگان حضور پُرنور دام اقبالہم و ملکہم

رُوبکار:- (سوری) واقع ۹ ستمبر ۱۹۴۱ء

قبل ازیں متعدد بار حکم دیا گیا ہے کہ رامپور کے لوگ یہاں حاضر ہو کر درخواستیں پیش کرنے کی کوشش نہ کیا کریں ان کا یہ خیال غلط ہے کہ یہاں حاضری کی وجہ سے ان کی درخواستوں پر کوئی خاص توجہ کیجائیگی جو درخواستیں ہمارے ملاحظہ میں بذریعہ ڈاک پیش ہوتی ہیں ان پر باضابطہ کارروائی ہوتی ہے اور متعلقہ جات سے کیفیت وغیرہ دریافت کرنے کے بعد مناسب احکام صادر کئے جاتے ہیں رامپور سے یہاں تک آمد و رفت میں درخواست گذاران پر فضول مصارف کا بار ہوتا ہے اور مابدولت و اقبال کے لئے بھی یہ صورت حال باعث تکلیف ہوتی ہے ۔ درخواست گذاران کے لئے صحیح طریق عمل یہ ہے کہ وہ بذریعہ ڈاک یا دروازۂ قلعہ پر جو بکس درخواست گذاران کے لئے مخصوص طور پر نصب کیا گیا ہے اپنی درخواستیں اس بکس میں ڈال دیا کریں ۔ ایسی کل درخواستیں ہمارے ملاحظہ میں پیش ہوتی ہیں ۔ اور مابدولت و اقبال بنفس نفیس بعد ملاحظہ مناسب احکام صادر فرماتے ہیں ۔ درخواست گذاران کی سوری حاضر ہو کر درخواستیں پیش کرنا ہماری ناخوشنودی مزاج کا باعث ہوگا اگر کسی شخص کو فوری ضرورت ہو تو عالیجناب صاحب چیف منسٹر بہادر سے عرض کر سکتے ہیں ۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں

دستخط اعلیٰحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

آرڈران کونسل رامپور اسٹیٹ

آرڈر نمبر ۲۳ مورخہ ۲۶ اگست ۱۹۳۱ء

اسٹیٹ کونسل کے جلسہ منعقدہ ۲۵ اگست ۱۹۳۱ء میں عالیمرتبت صاحب ہوم منسٹر بہادر انچارج میونسپلٹی کی تجویز بدیں خلاصہ پیش ہوئی کہ بموجب ریزولیوشن جلسہ خاص بورڈ ۳ مورخہ ۱۵ مئی ۱۹۳۱ء ہڈی کی برآمد پر ایک آنہ فی من محصول لگائے جانے کی مشتہری بذریعہ گزٹ ۲۲ مئی ۱۹۳۱ء کرائی جاچکی ہے لیکن اس سلسلہ میں کوئی عذرداری موصول نہیں ہوئی۔ لہذا بذریعہ رزولیوشن ۱۴ جلسہ خاص میونسپل بورڈ منعقدہ ۲۹ جولائی ۱۹۳۱ء تجویز ہوا ہے کہ برآمد ہڈی پر ایک آنہ فی من محصول لگایا جائے۔ تجویز مذکور قابل صدور منظوری ہے۔

طے پایا کہ :-

حسب تجویز برآمد ہڈی پر ایک آنہ فی من محصول لگائے جانے کی منظوری دیجاتی ہے

حکم ہوا کہ

حکم ہذا مع کاغذات متعلقہ برائے کارروائی اشاعت گزٹ وغیرہ بخدمت عالیمرتبت صاحب ہوم منسٹر بہادر مرسلہو۔

دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

دستخط صاحب سکریٹری بہادر اسٹیٹ کونسل

برائے اشاعت در گزٹ ریاست سپرنٹنڈنٹ صاحب مطبع کے پاس مرسلہو - ۹ ستمبر ۱۹۳۱ء

دستخط عالیمرتبت صاحب ہوم منسٹر بہادر